<u>الیکشن کمیشن آف پاکستان</u>

(شعبہ تعلقات عامہ)

<u>پریس ریلیز</u>

مورخہ 13 مارچ ،2018ء

<u>الیکشن کمیشن آف پاکستان میں خواتین کے عالمی دن کے حوالے سے تقریب۔</u>

الیکشن کمیشن آف پاکستان سیکرٹریٹ میں **"خواتین کا عالمی دن"** کے سلسلے میں ایک تقریب کا اہتمام کیا گیا۔ جس کی صدارت چیف الیکشن کمشنر جسٹس سردار محمد رضا نے کی۔ تقریب میں الیکشن کمیشن کے ممبران نے بھی شرکت کی اس موقع پر تمام سیاسی جماعتوں کو بھی دعوت دی گئی تھی۔

تقریب کا موضوع **<u>"سیاسی جماعتوں کا خواتین کا بطور ووٹرز اندارج پر مکالمہ"</u>** رکھا تھا تقریب کے افتتاحی کلمات میں جناب چیف الیکشن کمشنر صاحب نے فرمایا کہ اگر خواتین کو سازگار ماحول مہیا کیا جائے تو خواتین بہترین صلاحیتوں کا مظاہرہ کر سکتیں ہیں اس موقع پر الیکشن کمیشن کے 103 اضلاع میں خواتین ووٹرز کے اندراج کے لئے جاری مہم پر تفصیلی بحث ہوئی۔

سیاسی جماعتوں نے مختلف تجاویز و ارائیں پیش کیں اور الیکشن کمیشن کو اپنے بھرپور تعاون کا یقین دلایا سیاسی جماعتوں کے خواتین کی بطور ووٹرز اندارج کے مہم کے حوالے سے تجاویز نوٹ کر لیں گئیں جن کو آئندہ لائحہ عمل بناتے ہوئے زیر غور لایا جائے گا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆